پروفیسر محمد یاسین ماندن: لیکچرر سندھی، قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج لیاقت آباد

ایم فل کا طلب علم ہوتے ہوئے میں نے اس ورکشاپ سے بہت سیکھا ہے اور میں سمجھتا ہوں کے علم کے جتنے طالب یہاں موجود ہیں سب نے بہت فیض حاصل کیا ہوگا۔

پروفیسر محمد ذوالفقار مسعود خان: لیکچرار قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج

یہ ایک بہت ہی اچھی کوشش ہے جس کے ذریعے ان لوگوں کو بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے کہ جو پی ایچ ڈی کرنا چاہتے ہیں اور ان کی تمام ابتدائی مشکلات دور ہوسکتی ہیں کہ جو عموماً پی ایچ ڈی کے طلبا و طالبات کو جامعہ میں داخلہ لیتے وقت ہوتی ہیں۔

پروفیسر نسیمہ ہاشمی: لیکچرار ڈی جے سندھ گورنمنٹ کامرس کالج

اس ورکشاپ کے ذریعے پی ایچ ڈی کرنے والوں کو بہترین انداز میں گائیڈ کیا گیا اور ایسے اصول بتائے گئے جس پر غور و فکر کر کے ہم اپنے موضوع کے انتخاب مقالات لکھنے اور پڑھنے اور سمجھنے میں مدد لے سکتے ہیں، دلچسپی پیدا کرنے کے لئے ذہن کو آمادہ کرنا بہت ضروری ہے کہ ہماری دلچسپی کس میں ہے۔ (اس ورکشاپ کے مقاصد مختصراً اخبار میں شائع ہونے چاہئیں)

خط محمد صدیق مدرس جامعہ فاطمہ الزہراہ چوک سراجیہ جھنگ

بشرف ملاحظہ لائق صدر عز و احترام جناب مالک مکتبہ شیخ الاسلام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبراکاتہ، جناب والا آپ نے میری مطلوبہ کتاب ''تحقیق مقالات کی ترتیب تدوین تیاری کے اصول'' مجھے بھیج کر بے حد ممنون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، بلا معاوضہ بھیجنا نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوئی۔ آپ کا بھائی: محمد صدیق مدرس جامعہ فاطمہ الزہراہ چوک سراجیہ روڈ سلطان تحصیل و ضلع جھنگ۔